**19.11.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آ کاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ---

**Music**

-------------------------------

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے برازیل میں جی-20 سربراہ کانفرنس کے دوران عالمی خطہ جنوب کی مشکلوں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے غذا، ایندھن اور فرٹیلائز کی سپلائی پر عالمی تنازعات کے نقصانات پر ترجیح دینے کیلئے ملکوں پر زور دیا۔

☆ برطانیہ کے وزیراعظم Keir Starmer نے بھارت کے ساتھ معطل شدہ آزاد تجارتی معاہدے کو پھر سے شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆ مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں کل ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ چار ریاستوں کے 15 اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات بھی کرائے جائیں گے۔

☆ دلی اور قومی خطہ راجدھانی میں ہوا کے معیار کا اشاریہ AQI آج دوپہر 476 پر پہنچ گیا۔ دلی سرکار نے مرکز سے زور دے کر کہا ہے کہ مصنوعی بارش کیلئے کلاؤڈ سیڈنگ کی اجازت دی جائے۔

☆ شیئربازار میں آج دوپہر ایک فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔

☆ اور۔۔ خواتین کے ایشیائی چمپئنس ہاکی کے سیمی فائنل میں آج شام بھارت کا مقابلہ جاپان سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM GLOBAL SOUTH**

وزیراعظم نریندرمودی نے برازیل کے شہر Rio De Janeiro میں جی-20 چوٹی کانفرنس کے موقع پر عالمی لیڈروں کے ساتھ کئی اہم میٹنگ کیں۔ وزیراعظم نے آج سوشل میڈیا پر سلسلے وار پوسٹ کے ذریعہ اِن ملاقاتوں

کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔ انہوں نے مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی، جنوبی کوریا کے صدر **Yoon Suk Yeol** اور یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula Von Der Leyen** کے ساتھ اپنی ملاقاتوں کے بارے میں بتایا۔ یوروپی یونین کی صدر کے ساتھ میٹنگ کے بعد وزیراعظم نے بتایا کہ بھارت، عالمی بہتری کیلئے یوروپی یونین کے ساتھ کام کرتا رہے گا۔ انڈونیشیا کے صدر **Prabowo Subianto** کے ساتھ ملاقات میں وزیراعظم نے بھارت-انڈونیشیا سفارتی تعلقات کے **75** سال مکمل ہونے کے تناظر میں کامرس، صحت اور سیکورٹی کے شعبے میں روابط بڑھانے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ دوسری طرف پرتگال کے وزیراعظم **Luis Montenegro** کے ساتھ ملاقات میں قابل تجدید توانائی، آلودگی سے پاک ہائیڈروجن اور دفاع کے شعبوں پر توجہ دی گئی۔ ناروے کے وزیراعظم **Jonas Gahr Store** کے ساتھ بات چیت میں تجارت، اقتصادی تعاون اور قابل تجدید توانائی اور سمندری معیشت جیسے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے دھوپ اور غریبی کے خلاف عالمی اتحاد لانچ کرنے پر برازیل کے صدر کی تعریف کی اور کہاکہ پوری دنیا کے کمزور طبقوں کو اوپر اٹھانے کیلئے اس اہم قدم کی بھارت پوری طرح مدد کرے گا۔ **X**

## PM Bilateral

وزیراعظم نریندر مودی نے برازیل کے **Rio De Janerio** میں **G20** سربراہ میٹنگ کے موقع پر انڈونیشیا ،پرتگال، اٹلی، برطانیہ اور ناروے سمیت مختلف ممالک کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ان میٹنگوں میں کثیر رخی مفادات کے مختلف شعبوں میں تعاون کا جائزہ لینے پر ترجیح دی گئی اور باہمی تجارت اور تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ برطانیہ میں دو نئے قونصل خانوں کا اعلان ان میٹنگوں کی خاص بات رہی۔ وزیراعظم نے انڈونیشیا کے صدر **Prabowo Subianto** کے ساتھ باہمی میٹنگ کے دوران تجارت، سیاحت،دفاع اور کنیکٹویٹی جیسے اہم معاملات پر بات چیت کی۔ جناب مودی نے پرتگال کے وزیراعظم **Luis Montenegro** کے ساتھ بھی دو طرفہ میٹنگ کی جس میں دونوں لیڈروں نے قابل تجدید توانائی اور آلودگی سے پاک ہائیڈروجن کے شعبوں میں تعاون کو اجاگر کیا۔ میٹنگ میں مضبوط دفاعی تعلقات، عوام سے عوام کے رابطے اوردیگر موضوعات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایک دیگر باہمی ملاقات میں وزیراعظم نے ناروے کے وزیراعظم **Jonas Gahr Store** سے ملاقات کی جس میں سرمایہ کاری کے رابطے اور قابل تجدید توانائی، آلودگی سے پاک ہائیڈروجن اور سمندری معیشت جیسے شعبوں میں بہتری لانے پر بات چیت کی۔ وزیراعظم نے بھارت کی **Arctic** پالیسی کو باہمی روابط کا ایک مضبوط حصہ ہوتا ہے۔ بھارت یوروپی آزاد تجارت ایسوسی ایشن اور اقتصادی ساجھے داری کے سمجھوتے کے تناظر میں تجارت اور اقتصادی تعاون پر بات چیت کی گئی۔ جناب مودی نے کل رات برطانیہ کے اپنے ہم منصب **Keir Starmer** سے بھی ملاقات کی۔ یہ پہلا موقع ہے کہ ان دونوں لیڈروں کی ملاقات ہورہی ہے۔ دونوں لیڈروں نے معیشت، تجارت اور نئی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں پر خاص توجہ دیتے ہوئے بھارت، برطانیہ اسٹریٹجک شراکت داری کو مضبوط کرنے کے اپنے عزم کی توثیق کی۔ جناب

مودی نے فرانس کے صدر ایمینول میخواں سے ملاقات کی اور اِس سال کے شروع میں پیرس اولمپکس اور پیرالمپکس کی کامیاب میزبانی پر انھیں مبارکباد پیش کی۔ جناب مودی نے کہا کہ انھوں نے فرانس کے صدر سے اس بارے میں بات کی کہ بھارت اور فرانس خلا، توانائی، آرٹیفیشیل انٹیلی جینٹس اور مستقبل کی خاطر دیگر شعبوں میں کس طرح قریبی اشتراک کے ساتھ کام کرتے رہیں گے۔ X

## G20 Declaration

برازیل کے شہر Rio De Janeiro میں اپنی 19ویں سربراہ کانفرنس میں G20 کے رہنماؤں نے اعلامیے کو منظور کیا۔ انھوں نے آب و ہوا کی تبدیلی اور یوکرین اور مغربی ایشیا میں جنگ کے حوالے سے اقدامات پر زور دیا۔ کل رات جاری کیے گئے اعلامیے کا مقصد اہم عالمی چیلنجوں اور بحران کا ازالہ کرنا اور مضبوط، پائیدار اور سب کی شمولیت والی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ اعلامیے میں ایک توسیع شدہ سلامتی کونسل پر بھی زور دیا گیا ہے جس سے ان خطوں اور گروپوں کی نمائندگی کو بہتر بنایا جا سکے گا، جن کی نمائندگی کم ہے یا بالکل نہیں ہے۔اعلامیے میں دہشت گردی کی ہر صورت میں مذمت کی گئی۔غزہ اور لبنان میں بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش ظاہر کرتے ہوئے اعلامیے میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر فوری طور پر مدد میں اضافہ کیا جائے اور شہریوں کا تحفظ کیا جائے۔ اِس میں بحران کے ازالے کے لیے سفارتکاری اور مذاکرات کے ذریعے ایک پُرامن حل پر زور دیا گیا۔ اس سال کے اعلامیے میں پائیدار ترقی، آب و ہوا کی تبدیلی، عالمی صحت، اقتصادی بحالی اور مختلف ملکوں کے درمیان اشتراک جیسے وسیع تر معاملات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔اعلامیے کی اہم خصوصیات میں سے ایک 2050 تک کاربن کے اخراج کو بالکل ختم کرنے کے ہدف کو حاصل کرنا ہے۔ اس کے تحت رہنماؤں نے غریبی کے خاتمے،صنفی مساوات اور حفظانِ صحت اور تعلیم تک سب کی رسائی پر توجہ کے ساتھ اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کی خاطر کوششیں تیز کرنے کا بھی عزم کیا۔مجموعی طور پر اس اعلامیے سے سب کی شمولیت والے، لچکدار اور پائیدار مستقبل کی تعمیر کے لیے ایک مضبوط جامع عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔X

## UK INDIA FTA

برطانیہ کے وزیراعظم Keir Starmer نے بھارت کے ساتھ آزاد تجارت کے معاہدے FTA پر معطل شدہ بات چیت کو اگلے سال کے شروع میں پھر سے شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ برازیل میں جی۔20 چوٹی کانفرنس کے موقع پر وزیراعظم نریندرمودی کے ساتھ باہمی بات چیت کے بعد انہوں نے اس بات کا اعلان کیا۔ ملاقات کے بعد جناب اسٹارمر نے کہا کہ بھارت کے ساتھ نیا تجارتی معاہدہ برطانیہ میں خوشحالی اور روزگار میں اضافہ

کرے گا اور یہ پورے ملک میں مواقع اور ترقی کی اہم پیش رفت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس میٹنگ کے بارے میں اُن کے دفتر سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ تجارتی معاہدے اور سیکورٹی، تعلیم، ٹیکنالوجی اور آب وہوا میں تبدیلی کے شعبوں میں تعاون کو مزید بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ، برطانیہ بھارت کے ساتھ ایک نیا اسٹریٹجک شراکت داری کرے گا۔

## Maharashtra Election

مہاراشٹر میں بھی کل ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ ریاست میں سبھی 288 سیٹوں کیلئے واحد مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی، جو صبح سات بجے شروع ہوگی اور شام چھ بجے ختم ہوگی۔ایک طرف حکمراں BJP کی قیادت والا مہایوتی اتحاد اقتدار میں برقرار رہنے کی کوشش کررہاہے، ساتھ ہی مہا وکاس اگھاڑی ریاست میں پھر سے واپسی کی امید کررہاہے۔ 2 ہزار 86 آزاد امیدواروں سمیت کُل 4 ہزار 136 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ بی جے پی 149 سیٹوں پر، شیو سینا 81 پر چناؤ لڑ رہی ہے۔ جبکہ اجیت پوار کی قیادت والی این سی پی نے 59 اسمبلی حلقوں میں اپنے امیدواروں کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔کانگریس نے 101 امیدواروں کو، شیو سینا UBT نے 95 کو اور این سی پی (SP) نے 86 امیدواروں کو انتخابی میدان میں اتارا ہے۔ بہوجن سماج پارٹی اور آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین (AIMIM) سمیت چھوٹی پارٹیاں بھی انتخاب لڑ رہی ہیں۔ 288 رکنی اسمبلی میں BSP نے 237، جبکہ AIMIM نے 17 امیدوار کھڑے کئے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے اِس مرتبہ پولنگ کا فیصد بڑھانے کیلئے مختلف اقدامات کئے ہیں۔ x

## Jharkhand - Poll Arrangement

جھارکھنڈ میں کل ہونے والے دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں۔ پولنگ صبح سات بجے سے شام پانچ بجے تک ہوگی۔ اِس مرحلے کے تحت 12 ضلعوں کے کُل 38 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ 55 خواتین سمیت 528 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ ایک کروڑ 23 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ اِس مرحلے میں، جن اہم امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوگا، اُن میں وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین، اسپیکر رویندر کمار مہتو، BJP کے ریاستی صدر بابو لال مرانڈی ، اپوزیشن رہنما امر ناتھ کمار Bauri ، آل جھارکھنڈ Student یونین کے صدر سُدیش کمار مہتو اور کلپنا سورین شامل ہیں۔ چار ریاستی وزراء عرفان انصاری، حفیظ الحسن، دیپکا پانڈے سنگھ اور Bebi Devi بھی چناؤ میدان میں ہیں۔

چیف الیکٹورل آفیسر کے روی کمار نے کہا ہے کہ پولنگ کے عمل کی نگرانی کیلئے لائیو ویب کاسٹنگ کی جائے گی۔

**SB - K Ravi Kumar**

خوش اسلوبی کے ساتھ پولنگ کرانے کیلئے ریاست بھر میں کُل 14 ہزار 218 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ اِن میں سے سات ہزار بوتھوں کو سکیورٹی کے نقطۂ نظر سے حساس بوتھوں کے زمرے میں رکھا گیا ہے۔ حساس علاقوں میں خوش اسلوبی کے ساتھ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی نیم فوجی دستوں کی 600 کمپنیاں تعینات کی گئی ہیں۔x

## Day IFFI

بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFI کل سے گوا میں شروع ہو رہا ہے۔ یہ فیسٹیول 28 نومبر تک جاری رہے گا۔ کل ایک پریس کانفرنس کے دوران گوا کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساونت نے اطلاعات و نشریات کی وزارت اور Entertainment سوسائٹی آف گوا کے سینئر عہدیداران کے ہمراہ پروگرام سے متعلق تفصیلی جانکاری فراہم کی۔ ڈاکٹر ساونت نے اعلان کیا کہ اِس فیسٹیول میں 81 ممالک کی 180 بین الاقوامی فلمیں دکھائی جائیں گی۔ فیسٹیول کے مختلف مقامات تک بلارکاوٹ اور آسان سفر کو یقینی بنانے کیلئے مفت میں ٹرانسپورٹ کی سہولیات دستیاب رہیں گی۔ اِس فیسٹیول میں اے آر رحمٰن، آر مادھون ، Rakul Preet Singh اور پنکج کپور سمیت فلم انڈسٹری کی نامور اور مشہور شخصیات موجود رہیں گی۔ آسٹریلیا ، اس سال توجہ کا حامل ملک ہے۔ x

## Health Sec - Pollution

صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ موسمیاتی تبدیلی اور حفظانِ صحت کے قومی پروگرام (NPCCHH ) کے تحت موسمیاتی تبدیلی اور صحت کے سلسلے میں ضلعوں اور شہروں کی سطح پر ایکشن پلان تیار کریں۔مرکزی صحت سکریٹریPuniya Salila Srivastava نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریز اور مشیروں کو ایک خط ارسال کیا ہے، جس میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے اپنے ایکشن پلان میں فضائی آلودگی سے لڑنے کیلئے حکمتِ عملی شامل کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔ انہوں نے ان سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ فضائی آلودگی سے متعلق بیماریوں کی نگرانی کیلئے Sentinel اسپتالوں کا ایک Network تیار کریں۔ x

## Delhi Pollution

دلی سرکار نے مرکز سے زور دے کر کہا ہے کہ فضائی آلودگی سے نمٹنے کیلئے قومی خطہ راجدھانی میں مصنوعی بارش کرنے کی خاطر Cloud Seeding کی اجازت دی جائے۔ دلی کے ماحولیات کے وزیر گوپال رائے نے ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو کو ایک خط لکھا ہے جس میں فضائی آلودگی پر ایک ہنگامی میٹنگ بلانے کی بات کہی گئی ہے۔نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رائے نے کہاکہ ماہرین سے صلاح ومشورہ کرلیا

گیا ہے اور دلی اور قومی راجدھانی خطے میں ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے اور اسموگ کو کم کرنے کیلئے مصنوعی بارش کرنے کا یہی وقت ہے۔ دلّی NCR خطے میں ہوا کا معیار مزید خراب ہوگیا ہے اور یہ آج صبح چھ بجے ہوا کے معیار کے اوسط اشاریے اے کیو آئی 476 کے ساتھ ''انتہائی خطرناک سے بھی زیادہ'' کی سطح کو پار کرگیا ہے۔ آلودگی پر قابو پانے سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ حصوں میں AQI کی سطح 480 ریکارڈ کی گئی ہے۔ دلی کے ماحولیات کے وزیر نے فوری اقدامات کرنے پر زور دیا اور کہاکہ اسموگ کے معاملے سے نمٹے بغیر ہوا کو آلودگی سے پاک نہیں کیا جاسکتا۔x

## SENSEX

ملک کے شیئر بازاروں کے اشاریے سنسیکس اور نفٹی میں آج دوپہر تیزی آئی۔ بلوچپ کے شیئروں اور لچکدار خریداری ہونے کی وجہ سے یہ تیزی آئی۔ اس سے قبل دونوں اشاریے مثبت انداز میں کھلے تھے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک 30 شیئروں والا BSE سنسیکس ایک اعشاریہ تین پانچ فیصد یا 1044 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ 78 ہزار 383 پر پہنچ گیا اور NSE نفٹی ففٹی ایک اعشاریہ دو نو فیصد یا 303 پوائنٹ کے اضافے کے ساتھ 23 ہزار 756 پر پہنچ گیا۔ X

## SC VIRTUAL HEARING

بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ نے آج کہا ہے کہ قومی راجدھانی دلّی اور NCR خطے میں شدید آلودگی کے پیش نظر تمام ججوں سے کہا گیا ہے کہ وہ جہاں تک ممکن ہوسکے، ورچوئل وسیلے سے سماعت کی اجازت دیں۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس سنجے کمار پر مشتمل بینچ کے سامنے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن SCBA کے صدر کپل سبل سمیت وکلاء جیسے ہی جمع ہوئے، انہوں نے دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں بڑھتی ہوئی آلودگی کا حوالہ دیا اور اِس سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا۔ اِس کے جواب میں چیف جسٹس نے کہا کہ تمام ججوں سے کہا گیا ہے کہ جہاں تک ممکن ہوسکے ، وہ ورچوئل وسیلے سے سماعت کی اجازت دیں۔ x

## IAF Commanders Conference

بھارتی فضائیہ کے کمانڈروں کی ہر دو سال میں ہونے والی تین روزہ کانفرنس اس وقت نئی دلّی میں جاری ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کانفرنس سے خطاب کیا ، جس میں فضائیہ کے سربراہ، ایئر چیف مارشل امر پریت سنگھ بھی موجود تھے۔ کانفرنس میں بھارتی فضائیہ کی آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لینے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، جس میں شمالی سرحدوں پر موسم سرما کی کارروائیوں پر خصوصی طور پر زور دیا گیا ہے۔ اعلیٰ کمانڈر ، فوس کی صلاحیتوں اور تیاریوں میں اضافے کیلئے اسٹریٹیجک اور آپریشنل منصوبوں پر تبادلۂ خیال کررہے ہیں ۔ کانفرنس کل اختتام پذیر ہوگی۔

x

## Badminton Chinopen

چائنا اوپن ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ آج **Shenzan** میں شروع ہو گا۔ بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی آج ٹورنامنٹ میں اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔ بھارت کے سُمت ریڈی اور این۔سِکی ریڈی کا مقابلہ مکسڈ ڈبلز کے **32** ویں راؤنڈ میں امریکہ کے **Pressley Smith** اور **Jennie Gai** سے ہوگا۔دوسری جانب مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے ستوک سائی راج رنگی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی کا پہلا مقابلہ چینی تائپی کی **Yang-po Hsuan** اور **Lee Jhe-Huei** سے ہوگا۔مردوں کے سنگلز کے **32**ویں راؤنڈ میں لکشیہ سین کا مقابلہ ملیشیا کے **Lee Zii Jia** سے ساتویں سیڈ میں ہوگا۔ خواتین کے سنگلز میں آج **PV** سندھو کا مقابلہ تھائی لینڈ کی **Supanida Katethong** سے ہوگا۔آکرشی کشیپ اپنا افتتاحی مقابلہ جاپان کی **Tomoka Miyazaki** سے کھیلیں گی جبکہ **Malvika** بنسوڑ ڈنمارک کی کھلاڑی **Hojman Kjaersfeldt** سے اپنا پہلا راؤنڈ کھیلیں گی۔بھارت کی جوڑی ٹریسا جولی اور گیاتری گوپی چند اپنے افتتاحی میچ میں چائنا کی جوڑی **Liu Sheng Shu** اور **Tan Ning** سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆